
| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (پانچواں ہفتہ) | موضوع: | دوحرفی لفظ بنانا | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ دوحرفی لفظ بنا سکیں۔ دوحرفی لفظ پڑھ سکیں اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے مصوتوں اور مصمتوں کے بارے میں پوچھا جائے گا شرارتی نو کے بارے میں سوال کیا جائے گا۔<br>تعارف:<br>بچوں کو باری باری حروف کی چھوٹی اشکال دکھا کر پڑھائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حروف کی ان آدھی اشکال کو 'ب' سے ملا کر دوحرفی لفظ بنائیں گے بچوں کو بتایئے جب ہم دو یا دو سے زیادہ حروف کو ملاتے ہیں تو الفاظ بنتے ہیں۔ الفاظ دوحرفی بھی ہو سکتے ہیں تین بھی اور چار بھی۔ بچوں سے پوچھیے حروف کیا ہیں؟<br>مرکزی سرگرمی:<br>بچوں کو سفید چھوٹے بورڈ دیے جائیں گے اور کہا جائے گا کہ تختہ سفید/ سیاہ پر لکھے حروف کی آدھی اشکال کو 'ب' سے ملا کر جو نیا لفظ بنتا ہے اُس کو اپنے اپنے بورڈ پر لکھیں۔ جو سب سے پہلے لکھ لے وہ بورڈ اوپر کرے گا۔ بچوں ے سے کتاب صفحہ 27 کھولنے کو کہا جائے گا۔ حروف کی چھوٹی اشکال کو 'ب' سے ملا کر لفظ بنانے، پڑھنے اور لکھنے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔ نیچے دیے گئے جملے تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر بلند خوانی سے پڑھیے۔<br>اختتامیہ:<br>رب ، سب ،جب ، کب ، اب ، لب تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر دہرائی کروایئے۔<br>گھر کا کام:<br>'ب' کے دوحرفی لفظ کاپی پر لکھیے۔ | 3نٹ<br>5منٹ<br>25منٹ<br>2منٹ | سفید چھوٹے بورڈ مارکر<br>کتاب صفحہ 27 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا دو حرفی لفظ بنانے، پڑھنے اور لکھنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (پانچواں ہفتہ) | موضوع: | دوحرفی لفظ بنانا | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ دوحرفی لفظ بنا سکیں۔ دوحرفی لفظ پڑھ سکیں اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>'ب' کے ساتھ حرف جوڑ کر دوحرفی الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا دو حرفی لفظ بنانے، پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حروف کو جوڑ کر لکھنا اور پڑھنا سیکھیں گے۔ بچوں کو بتایئے کہ جس طرح حروف کو مصوتوں کے ساتھ ملائیں تو نئے لفظ بنتے ہیں۔ اسی طرح باقی حروف کو بھی آپس میں جوڑنے سے نئے لفظ بنتے ہیں۔ تختہ سیاہ پر توڑ اور جوڑ لکھیں۔ توڑ والی جگہ پر ت+ ب لکھیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ کیا وہ بتا سکتے ہیں کہ جب ت کو ب سے جوڑ کر لکھا جائے گا تو 'ت' کی کون سی شکل استعمال ہوگی پوری یا آدھی؟ بچوں سے پوچھیے ان دو حروف کو جوڑ کر لکھنے سے کیا لفظ بنتا ہے؟ مختلف دوحرفی الفاظ سے مثال دیں۔ | 10منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو Spin Wheel دیا جائے گا جس میں حروف لکھیں گے بچے Wheel کو گھمائیں گے اور لفظ بتائیں گے۔ بچے جو بھی لفظ بتائیں وہ معلمہ تختہ سفید/ سیاہ پر لکھتی جائیں گی۔ بعد میں بچوں سے ان الفاظ کی بلند خوانی کروائیں اور تختہ سفید/ سیاہ پر لکھوائیں۔ بچوں کو کتاب صفحہ 26 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو حروف کے توڑ جوڑ کا طریقہ بتایا جائے گا اور مدد کی جائے گی۔ | 20منٹ |  | |
| | **اختتامیہ:**<br>توڑ جوڑ کی بورڈ پر مشق کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ 28 کیجیے۔ | 5منٹ | کتاب صفحہ 26 | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (پانچواں ہفتہ) | موضوع: | جوڑ کے توڑ | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ دو حرفی لفظ بنا سکیں۔ دو حرفی لفظ پڑھ سکیں اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حروف کو جوڑ کر نئے الفاظ بنانے کی دہرائی کروایئے۔ | 3 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا دو حرفی لفظ بنانے، پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا جب ہم دو یا دو سے زیادہ حروف کو الگ الگ کر کے لکھتے ہیں تو انہیں توڑ کہتے ہیں اور جب ہم دو یا دو سے زیادہ حروف کو ملا کر لکھتے تو انہیں جوڑ کہتے ہیں باری باری بچوں کو بلا کر تختہ سیاہ/سفید پر لکھائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پانچ پانچ کے گروپس میں تقسیم کیا جائے گا۔ ہر گروپ کو ایک حرف فلیش کارڈ (بڑا) اور چھوٹے کاغذ کے ٹکڑوں پر مختلف حروف کی آدھی اشکال لکھ کر دیے جائیں گے۔ جیسا کہ 'ن' کا بڑا فلیش کارڈ اور حروف کی آدھی شکل کے ساتھ ملا کر پڑھیں گے۔ کتاب صفحہ 29 کھولنے کو کہا جائے گا۔ حروف کی چھوٹی اشکال کو 'ل' سے ملا کر پڑھنے اور لکھنے کو کہا جائے گا نیچے دیے گئے جملہ تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر بلند خوانی کروائی جائے گی۔ کتاب صفحہ 33 پر حروف کو شرارتی حروف 'د ، ر ، ڑ' سے جوڑ کر پڑھنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کی نگرانی کی جائے گی تاکہ مقررہ وقت میں کام مکمل کر سکیں۔ | 30 منٹ | حروف فلیش کارڈ ن، ل، س، ب<br>کاغذ کے چھوٹے ٹکڑے چوکور<br>کتاب صفحہ 29,33 | |
| | **اختتامیہ:**<br>حروف کی آدھی اشکال لکھ کر اُن کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 2 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (پانچواں ہفتہ) | موضوع: | دوحرفی لفظ بنانا | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ دوحرفی لفظ بناسکیں۔ دوحرفی لفظ پڑھ سکیں اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>دوحرفی الفاظ تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ | 5منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا جوڑ کے توڑ کرنے اور الفاظ کی پڑھائی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں سے حروف کو ب، ن، س اور ل سے ملا کر دوحرفی الفاظ بتانے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ 'ز' شرارتی حرف ہے یا نہیں شرارتی حروف کون سے ہوتے ہیں؟ کیا ان کی کوئی آدھی شکل ہوتی ہے؟ | 5منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو Salt Tray دی جائے گی۔ ہر بچے کی الگ یا پانچ کے گروپس ایک ایک Tray مہیا کی جائے گی۔ معلمہ کوئی سادہ حرفی توڑ بولیں گی اور بچے اُسے سُن کر جوڑ Salt Tray پر لکھیں گے۔ جیسا کہ س + ب ، ر + ب ، ک + ن وغیرہ۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ 35 کھولنے کو کہا جائے گا۔ حروف کو 'ز' سے ملا کر پڑھنے اور لکھنے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔ معلمہ تمام دوحرفی الفاظ تختہ سفید/ سیاہ پر لکھے گی بر ، پر ، ثر ، چر وغیرہ۔ | 25منٹ | Salt Tray<br>کتاب صفحہ 35 | |
| | **اختتامیہ:**<br>'ز' کے تمام دوحرفی الفاظ کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (پانچواں ہفتہ) | موضوع: | دوحرفی لفظ بنانا | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم<br>سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ دوحرفی لفظ بنا سکیں۔ دوحرفی لفظ پڑھ سکیں اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حروف کو آدھی اشکال کو ُل ، ر ، ر ، بؔ سے ملا کر تختہ سفید/ سیاہ پر اس کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ جس طرح ہم حروف کو جوڑ کر لفظ بناتے ہیں۔اس طرح ہم ان حروف کو الگ الگ کر کے توڑ بھی کر سکتے ہیں۔تختہ سیاہ/ سفید پر لفظ 'کم' لکھیں۔بچوں سے پوچھے کہ یہ جوڑ ہے یا توڑ۔بچوں کو بتایئے کہ ک + م اس کا توڑ ہیں۔مختلف حرفی کے ساتھ مشق کروایئے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سفید/ سیاہ پر دوحرفی کی پڑھائی کروائی جائے گی اور تمام الفاظ بورڈ پر لکھے جائیں گے۔بچوں سے کتاب صفحہ 39 کھولنے کو کہا جائے گا۔بچوں سے پڑھنے، لکھنے اور نئے الفاظ بنانے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>س کے ساتھ آدھی اشکال لکھ کر پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ 37 کیجیے۔ | 5منٹ<br>10منٹ<br>20منٹ<br>5منٹ | کتاب صفحہ39 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا جوڑ کے توڑ کرنے اور الفاظ کی پڑھائی کرنے پر۔ |